بچوں کا رسالہ

Worksheets for kids



اپنے دین کو سیکھیں
رنگ برنگی دنیا میں

Struggling slaves
Kids

نماز کے شرائط

نماز کے چند شرائط ہیں جن کے بغیر نماز درست نہیں ہوگی، اس لیے ہم سب کو ان کا جاننا ضروری ہے اور ان کی پابندی کرنا بھی ضروری ہے۔



پہلی شرط : اسلام

اسلام کے بغیر نماز درست نہیں ۔

دوسری شرط :عمر کا امتیاز



چھوٹے بچوں کو سات سال کی عمر تک نماز کا حکم نہیں۔

تیسری شرط: عقل

مجنون اور پاگل پر نماز واجب نہیں۔

چوہتی شرط: طہارت



پاکی اور باوضوء ہونا ضروری ہے ۔

ابی ہریرہ رض کی روایت ہے کہ رسول ﷺ فرمائے : جس نے وضوء توڑ دیا اس کی نماز اس وقت تک قبول نہیں ہوتی جب تک کہ وہ وضوء نہ کرے۔ مسلم:225

پانچویں شرط: نجاست کو دور کرنا



ہم پہلے رسالوں میں نجاست دور کرنے کے بارے میں کچھ تفصیلات پڑھیں ہیں ۔

جب نماز کی نیت کرو گے تو ان تین نجاستوں سے پاک ہونا واجب ہے ۔

بدن کی صفائی ، لباس کی صفائی ، نماز کے جگہ کی صفائی ۔

چھٹی شرط: ستر کو ڈھانپنا



مرد کا ستر: ناف سے لے کر گھٹنوں تک۔

عورت کا ستر: چہرا اور ہاتھ کی کلائی کے علاوہ پورا جسم ستر میں شامل ہے۔

اے بنی آدم، ہر عبادت کے موقع پر اپنی زینت سے آراستہ رہو۔

سورۃ اعراف:31

حامد نے نماز پڑھنے کا ارادہ کیا، اس نے گھٹنوں کے اوپر لباس پہن رکھا تھا۔



اس کے والد نے کہا: تم نے اسے پہن کر غلطی کی ہے اور تم نے نماز کی ایک شرط کی خلاف ورزی کی ہے ۔

حامد نے پوچھا : وہ کیا ہے اباجان۔

والد نے جواب دیا : تمہارے کپڑے تمہارا ستر نہیں ڈھانپتے، نماز کی شرائط میں سے ایک یہ ہے کہ مرد اور عورت اپنا ستر ڈھانپیں ۔



حامد نے پوچھا : نماز میں مرد اور عورت کا ستر کیا ہے اباجان ۔

والد نے جواب دیا:



مرد کا ستر: ناف سے لے کر گھٹنوں تک۔

عورت کا ستر: چہرا اور ہاتھ کی کلائی کے علاوہ پورا جسم ستر میں شامل ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا : تینوں سے قلم اٹھا لیا جاتا ہے : سونے والے سے جب تک کہ وہ بیدار نہ ہو جائے، بچے سے جب تک کہ وہ بلوغت کو نہ پہنچ جائے ، اور دیوانے سے جب تک کہ وہ اپنے ہوش میں نہ آجائے ۔

ابوداؤد :4403

اس حدیث میں کن لوگوں پر نماز واجب نہیں ہے بتایا گیا؟

- ☆ سونے والا شخص ☐
- ☆ چھوٹے بچے ☐
- ☆ مجنون ☐
- ☆ سکول جانے والے بچے ☐
- ☆ کھلاڑی ☐

صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

بچوں کی شعور کی عمر؟

- ☐ سال 5
- ☐ سال 7

نماز کے شرائط کتنے ہیں؟

- ☐ نماز کے 9 شرائط ہیں
- ☐ نماز کے 7 شرائط ہیں

نماز دین اسلام کا کونسا رکن ہے؟

- ☐ دوسرا
- ☐ تیسرا

صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

مرد کا ستر کیا ہے ؟

- ☐ مرد کا ستر ناف سے لے کر گھٹنوں تک۔
- ☐ مرد کا ستر ناف سے لے کر ٹخنوں تک۔

عورت کا ستر کیا ہے ؟

- ☐ عورت کا ستر چہرا اور ہاتھ کی کلائی کے علاوہ پورا جسم ستر میں شامل ہے۔
- ☐ عورت کا ستر پورا جسم ستر میں شامل ہے۔

نماز سے قبل کن نجاست سے دور ہونا چاہیے؟

- ☐ بدن کی، لباس کی اور نماز کے جگہ کی نجاست
- ☐ لباس کی اور پورے گھر کی نجاست

درحقیقت نماز ایسا فرض ہے جو پابندی وقت کے ساتھ اہل ایمان پر لازم کیا گیا ہے۔

سورۃ نساء :103



یہ آیت ہمیں نماز کی ساتویں شرط بتاتی ہے جس کے بغیر نماز درست نہیں ہوگی ۔

ساتویں شرط : وقت پر نماز ادا کرنا

فجر کی نماز کا وقت:

فجر طلوع ہونے سے

سورج کے طلوع ہونے تک



ظہر کی نماز کا وقت:

سورج کے ڈھلنے سے

ہر چیز کا سایہ اس کے برابر ہونے تک



عصر کی نماز کا وقت:

ظہر کی نماز کے ختم ہونے کے بعد سے

سورج کے زرد ہونے تک



مغرب کی نماز کا وقت:

سورج غروب ہونے سے

آسمان سے سرخ چمک غائب ہونے تک



عشاء کی نماز کا وقت:

آسمان سے سرخ چمک غائب ہونے سے

آدھی رات تک



آٹھویں شرط: قبلہ رخ ہونا



مسلمانوں کا قبلہ کعبہ ہے۔ جو مکہ میں واقع ہے ۔

سارے مسلمان کعبہ کی طرف قبلہ رو ہو کر نماز پڑھتے ہیں ۔

نویں شرط: نیت



نبی ﷺ نے فرمایا : اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے ۔

بخاری : 1

اس حدیث سے ہمیں پتہ چلتا ہے کہ نماز کی شرط میں سے ایک شرط نیت ہے۔



نیت دل میں کی جاتی ہے ، زبان سے اقرار نہیں کریں ۔


نیچے دیئے گئے نماز کی تمام نو شرائط لکھیں

- پہلی شرط : اسلام
- دوسری شرط : عمر کا امتیاز
- تیسری شرط: عقل
- چوہتی شرط: طہارت
- پانچویں شرط: نجاست کو دور کرنا
- چھٹی شرط: ستر کو ڈھانپنا
- ساتویں شرط : وقت پر نماز ادا کرنا
- آٹھویں شرط: قبلہ رخ ہونا
- نویں شرط: نیت


نیچے دیئے گئے نماز کے اوقات کی تصاویر سے نماز کا نام پہچانیں



فجر



ظہر



عصر



مغرب



عشاء

صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

حامد نماز قبلہ کے الٹی رخ میں پڑھ رہا ہے، اسے کیا کرنا چاہیے؟

- ☆ قبلہ رخ ہونا چاہیے ۔ ☐
- ☆ کوئی بات نہیں ۔ ☐

حامد مغرب کی نماز سورج غروب ہونے سے پہلے پڑھ رہا ہے، اسے کیا کرنا چاہیے؟

- ☆ کوئی بات نہیں ۔ ☐
- ☆ مغرب کی نماز سورج غروب ہونے کے بعد پڑھتے ہیں ۔ ☐

نماز کے 9 شرائط ہیں اگر کسی نے ایک شرط بھی چھوڑی تو اس کی نماز کیسی ہوئی؟

- ☆ اسکی نماز صحیح نہیں ہو گی ۔ ☐
- ☆ اس کی نماز بالکل صحیح ہے ۔ ☐

صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

سورج زرد رنگ ہونے تک کونسی نماز کا وقت ہے؟

- ☆ فجر
- ☆ عصر

سورج سر کے اوپر سے زوال کی طرف جائے تو کونسی نماز کا وقت شروع ہوتا ہے ؟

- ☆ ظہر
- ☆ مغرب

آدھی رات تک کونسی نماز کا وقت رہتا ہے؟

- ☆ مغرب
- ☆ عشاء

سورج کے طلوع ہونے تک کونسی نماز کا وقت رہتا ہے ؟

- ☆ فجر
- ☆ عصر